Talha Tariq

**سوال نمبر 1 فصل کی تعریف کریں؟**

فصل وہ کلی ہے جو کسی شئی پر اَیِّ شئ ہو فی ذاتہ کے جواب میں بولی جائے مثلاً جب انسان کے متعلق ای شئ ھو فی ذاتہ کے ذریعے سوال کیا جائے تو جواب اس طرح دیا جائے گا بأنہ ناطق کہ وہ ناطق ہے۔

**سوال نمبر 2 فصل قریب کی تعریف مع امثلہ لکھیں؟**

وہ فصل ہے جو جنس قریب میں مشارکات سے جدا کردے۔ مثلاً ناطق ہونا انسان کیلئے

**سوال نمبر 3 کیا ہر عالی سافل کا مقوم ہے اگر ہے تو مثال لکھیں؟**

ہر فصل جو مقوم ہے عالی کا وہ مقوم ہے سافل کا جیسے قابل ابعاد ثلاثہ کہ وہ مقوم ہے جسم کا اور جسم مقوم ہے جسم نامی اور انسان و حیوان کا

**سوال نمبر 4 کیا ہر سافل کا مقوم عالی کا مقوم ہوتا ہے اگر ہوتا ہے تو مثال تحریر کریں نہیں تو وجہ تحریر کریں؟**

ہر وہ فصل جو مقوم ہے سافل کا وہ عالی کا مقوم نہیں کیونکہ ناطق انسان کا مقوم ہے حیوان کا مقوم نہیں۔

**سوال نمبر 5 خاصہ کی تعریف کریں؟**

خاصہ وہ کلی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور فقط ایک حقیقت والے افراد پر بولی جائے جیسے ضاحک اور کاتب انسان کیلئے۔

**سوال نمبر 6 عرض عام کی تعریف مع امثلہ لکھیں؟**

وہ کلی جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو اور حقیقت واحدہ اور اس کے علاوہ حقیقت کے

بھی بولی جائے جیسے ماشی انسان اور گھوڑے کے افراد
پر بولا جاتا ہے

**سوال 7 قضیہ حملیہ موجبہ کی تعریف مع امثلہ لکھیں؟**

وہ قضیہ ہے جس میں کسی شئ کیلئے کسی شئ کے ثبوت کا حکم لگایا گیا ہو۔ جیسے الانسان حیوان

**سوال 8 زید ھو قائم محکوم بہ محکوم علیہ رابطہ الگ کریں؟**

| | | |
|---|---|---|
| زید | ھو | قائم |
| محکوم بہ | رابطہ | محکوم علیہ |

**سوال 9 محصورات اربعہ میں سے موجبہ جزئیہ کی مثال تحریر کریں؟**

موجبہ جزئیہ "بعض" اور "واحد" ہے جیسے
بعض و واحد من الجسم جماد

**سوال 10 محصورات اربعہ میں سے سالبہ جزئیہ کی مثال تحریر کریں؟**

سالبہ جزئیہ کا سور "لیس بعض" "بعض لیس" ہے
جیسے لیس بعض الحیوان بجماد۔ بعض الفواکہ لیس
بحلو۔

**سوال 11 سور کی تعریف کریں؟**

جس کے ذریعے افراد کی مقدار کلیت و جزئیت بیان
کی جائے اسے سور کہتے ہیں۔

**سوال 12 سالبہ کلیہ کا سور لکھیں؟**

"لاشئ" "لا واحد" اور نکرہ کا نفی کے تحت
واقع ہونا ہے جیسے لاشئ من الانسان بجماد
لا واحد من النار ببارد۔ ما من ماء الا وھو
رطب

سوال 13 منطقی موضوع اور محمول کو کن الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں؟

موضوع کو "ج" سے محمول کو "ب" سے

سوال 14 حمل بالمواطاۃ کسے کہتے ہیں؟

اگر حمل "فی" "ذو" یا لام کے واسطے سے نہ ہو بلکہ ایک شے کو دوسری شے پر بغیر واسطے کے محمول کیا جائے اسے حمل بالمواطاۃ کہتے ہیں۔ عمر طبیب بکر فصیح

سوال 15 قضیہ حملیہ کی قسموں میں سے قضیہ حقیقیہ کی مثال تحریر کریں مع تعریف؟

وہ قضیہ حملیہ جس میں موضوع پر خارج وذہن سے قطع نظر فقط نفس الامر میں واقع ہونے کے اعتبار سے حکم لگایا گیا ہے جیسے چار جفت ہے

سوال 16 سور الموجبۃ الکلیۃ فی المتصلۃ لفظا متی ومہما وکلما وفی المنفصلۃ دائما کا مفہوم بیان کریں؟

موجبہ کلیہ کا سور متصلہ میں لفظ "متی" "مہما" اور کلما اور منفصلہ میں دائما ہوتا ہے

سوال 17 تناقض کی تعریف کریں؟

دو قضیوں کا ایجاب وسلب میں اس طرح مختلف ہونا کہ ان میں سے ہر ایک صدق اپنی ذات کے اعتبار سے دوسرے کے کذب کا تقاضا کرے

زید قائم زید لیس قائم

سوال 18 ویشترط فی اخذ نقائض الشرطیات الاتفاق فی الجنس والنوع والمخالفۃ فی الکیف کا مضمون بیان کریں؟

[illegible]

یہ جنس اور نوع میں متفق اور کیف میں
مختلف ہوں۔

**سوال 19: لا شئ من الحجر بالانسان کا عکس مستوی تحریر کریں؟**

لا شئ من الانسان بحجر

**سوال 20: برہان انی کسے کہتے ہیں؟**

وہ برہان ہے جس میں حد اوسط فقط ذہن میں حکم کی علت ہو اور واقع میں حکم کی علت نہ ہو بلکہ کبھی نفس الامر میں اس کا معلول ہو۔

2024 Short Question

**سوال 21: علم کی تعریف کریں؟**

حصول صورۃ الشئ فی العقل = عقل میں کسی شئ کی صورت کا حاصل ہونا۔ علم کا دوسرا معنی جاننا ہے

**سوال 22: حکماء کے نزدیک تصدیق کی تعریف کیا ہے؟**

حکماء کے قول کے مطابق تصدیق نام ہے ایسے علم کا جو تصورات ثلاثہ سے ملا ہو۔ تصورات ثلاثہ شرط ہے تصدیق کے پائے جانے کیلئے

**سوال 23: تصور بدیہی کی تعریف کریں؟**

وہ جو بغیر غور و فکر کے حاصل ہو جیسے ہمارا تصور کرنا گرمی کا اور سردی اس کا دوسرا نام ضروری ہے

**سوال 24: علم منطق کو میزان کہنے کی وجہ کیا ہے؟**

میزان اس لیے کہتے ہیں کہ وہ ترازو ہے عقل کا عقل اس کے ذریعے افکار صحیحہ کو تولتی ہے اور اس سے پہچانا جاتا ہے اس چیز کی کمی کو جو افکار فاسدہ

CS CamScanner

Talha Tariq

اس چیز کے خلل کو جو انظار کا سامنا کرتی ہے

سوال 25 منطق کی کتابوں میں لفظ کی بحث کیوں کی جاتی ہے؟

کیونکہ فائدہ دینا اور حاصل کرنا بحث الفاظ پر موقوف ہے اس وجہ سے دلالت اور الفاظ کی بحث کو منطق کی کتابوں میں مقدم کیا جاتا ہے

سوال 26 موضوع کسے کہتے ہیں؟

اس سے مراد معلومات تصوریہ اور تصدیقیہ لیکن یہ مطلق نہیں بلکہ اس اعتبار سے کہ وہ مجہول تصوری یا تصدیقی تک پہنچانے والے ہو

سوال 27 دلالت مطابقی کی تعریف مع امثلہ لکھیں؟

وہ لفظ جو دلالت کرے اس تمام معنی پر جس کیلئے اس کو وضع کیا گیا ہو۔ انسان کی دلالت حیوان و ناطق کے مجموعے پر

سوال 28 علم کی تعریف کریں؟

وہ لفظ مفرد ہے جس کا ایک معنی ہو اور وہ متعین اور خاص ہے جیسے زید

سوال 29 قضیہ کی تعریف تحریر کریں؟

قضیہ وہ قول ہے جو صدق و کذب کا احتمال رکھتا ہو جیسے زید قائم

سوال 30 حملیہ کے کون کون سے اجزاء ہیں؟

قضیہ حملیہ کے تین اجزاء ہیں محکوم علیہ کو موضوع محکوم علیہ کو محمول اور نسبت کو اس کو رابطہ کہتے ہیں۔

سوال 31 قضیہ طبعیہ کسے کہتے ہیں

وہ قضیہ حملیہ جس کا موضوع کلی ہو اور

محمول کا حکم موضوع کی نفس حقیقت پر لگایا گیا ہو۔ الانسان نوع

سوال 32 قضیہ معدولہ کی تعریف کریں؟

وہ قضیہ ہے جس میں حرف سلب موضوع یا محمول یا دونوں کا جزء بن رہا ہو لا حی جماد۔ زید لا عالم الاحی لا عالم

سوال 33 شرطیہ متصلہ میں موجبہ کلیہ کا کیا سور ہوتا ہے؟

موجبہ کلیہ کا سور لفظ "متی" "مہما" "کلما" ہے

سوال 34 عکس مستوی کسے کہتے ہیں

وہ قضیہ جس میں جزء اول کو جزء ثانی کی جگہ کر دینا اس حال میں کہ صدق و کیف باقی رہے

سوال 35 اشکال اربعہ میں کون سی شکل کا نتیجہ بدیہی ہوتا ہے؟

شکل اول کا نتیجہ بدیہی ہوتا ہے

سوال 36 مشاہدات کسے کہتے ہیں؟

وہ قضایا ہیں جن کے اندر حکم مشاہدہ اور احساس کے واسطے سے لگایا جائے۔

سوال 37 قیاس شعری کسے کہتے ہیں؟

وہ قیاس جو خیالی قضیوں سے مرکب ہو خواہ وہ سچے ہوں یا جھوٹے ہوں یا محال ہو بشرطیکہ وہ قضایا ذہن میں نفرت یا رغبت پیدا کرتے ہو

سوال 38 مترادفان متباینان کا معنی تحریر کریں؟

مترادفان = ایسے دو لفظ جو ایک معنی کیلئے وضع کیے گئے ہو انسان بشر

متباینان = ایسے دو الفاظ جو کہ الگ معنی کیلئے وضع کیے گئے ہوں = مثلاً شجر و حجر

سوال 39 نوع اضافی کی تعریف تحریر کریں؟
نوع اضافی ایسی ماہیت ہے اگر اس کو کسی دوسری ماہیت سے ملا کر ما ھو کے ذریعے سوال کیا جائے تو جواب میں جنس آجائے۔ جیسے حیوان

سوال 40 مانعۃ الخلو سالبہ کی مثال تحریر کریں؟
وہ قضیہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان جدائی یا عدم جدائی صرف کذب ہو۔ زید اما فی الماء او لا یغرق

سوال 41 امام رازی کے نزدیک تصدیق کی تعریف لکھیں؟
حکم اور تصورات ثلاثہ کے مجموعہ کا نام تصدیق ہے

سوال 42 مشترک المعنی لفظ کی اقسام کے نام تحریر کریں
(1) مشترک (2) منقول (3) حقیقت (4) مجاز

سوال 43 معرف کی اقسام کے نام تحریر کریں؟
(1) حد تام (2) حد ناقص (3) رسم تام (4) رسم ناقص

سوال 44 منفصلہ عنادیہ کسے کہتے ہیں؟
وہ قضیہ منفصلہ جس کے مقدم اور تالی کی ذات ہی ان کے درمیان جدائی چاہتی ہو۔ ھذا العدد اما زوج او فرد

سوال 45 قیاس استثنائی کسے کہتے ہیں؟
وہ قیاس جس میں نتیجہ یا نتیجہ کی نقیض بعینہ مذکور ہو نیز اس میں حرف استثناء بھی مذکور ہوتا ہے۔

**سوال 46** قضیہ حملیہ کی کتنی قسمیں ہیں مع تعریفات کریں؟

قضیہ حملیہ کی دو قسمیں ہیں (1) موجبہ (2) سالبہ

موجبہ ۔ وہ قضیہ ہے جس میں کسی شی کے لیے کسی شی کے ثبوت کا حکم لگایا گیا ہو۔ الانسان حیوان

سالبہ ۔ وہ قضیہ ہے جس میں کسی شی سے کسی شی کی نفی کا حکم لگایا گیا ہو۔ الانسان لیس بفرس

**سوال 46** شرطیہ منفصلہ کی اقسام ثلاثہ مع تعریفات تحریر کریں

(1) **مانعۃ الجمع** ۔ وہ قضیہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان منافات (جدائی) یا عدم منافات صرف صدق میں ہو۔ (مقدم اور تالی دونوں ایک شی میں جمع نہیں ہو سکتے ہاں یہ ہو سکتا کہ دونوں ہی نہ ہو) ذالک الحیوان اما [illegible] او ظبی

(2) **مانعۃ الخلو** ۔ وہ قضیہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان منافات یا عدم منافات صرف کذب میں ہو (دونوں ایک ساتھ جدا نہیں ہو سکتے دونوں ایک ساتھ جمع ہو سکتے ہیں) زید اما فی البحر او لا یغرق

(3) **قضیہ منفصلہ حقیقیہ** ۔ وہ قضیہ جس میں مقدم اور تالی کے درمیان منافات یا عدم منافات صدق و کذب یا دونوں اعتبار سے ہو۔ ہذا العدد اما زوج او فرد

**سوال 48** عکس مستوی کی تعریف و شرط تحریر کریں نیز سالبہ کلیہ کا عکس مستوی کیا ہے؟

عکس مستوی جس کو عکس مستقیم بھی کہا جاتا ہے قضیہ کے جز اول کو جز ثانی کی جگہ کر دینا اس حال میں کہ صدق و کیف باقی رہے۔ سالبہ کلیہ کا عکس سالبہ کلیہ ہی آتا ہے۔ لا شی من الحجر بانسان کا عکس ۔ لا شی من الانسان بحجر

**سوال 49** مقولات عرضیہ کتنے ہیں تمام کے نام لکھیں؟

(1) کم (2) کیف (3) اضافت (4) این (5) ملک (6) فعل

(7) انفعال (8) متی (9) وضع

سوال 5: نوع عالی، متوسط اور سافل کی تعریفات تحریر کریں نیز بتائیں کہ نوع الانواع کس کو کہا جاتا ہے؟

(1) نوع عالی: وہ نوع جس کے نیچے تو نوع پائی جائے لیکن اس کے اوپر کوئی نوع نہ ہو جیسے جسم مطلق

(2) نوع متوسط: وہ نوع جس کے اوپر بھی نوع ہو نیچے بھی نوع ہو جیسے جسم نامی

(3) نوع سافل: وہ نوع جس کے نیچے کوئی نوع نہ ہو لیکن اس کے اوپر نوع ہو جیسے انسان

نوع سافل کو نوع الانواع کہا جاتا ہے۔

سوال 6: عرض مفارق کسے کہتے ہیں نیز اس کی اقسام کی تعریفات مع امثلہ لکھیں

عرض مفارق وہ ہے جس کا معروض سے جدا ہونا ممکن ہو اس کی دو قسمیں ہیں۔ (1) جس کا معروض کو لازم ہمیشہ دائمی ہو جیسے حرکت آسمان کیلئے

(2) جس کا معروض کو لازم کیلئے دائمی نہ ہو جیسے شرمندہ ہونے والے کے چہرے کی سرخی

سوال 7 (الف): عکس نقیض کی تعریف تحریر کریں؟

عکس نقیض وہ جزء اول کو ثانی اور جزء ثانی کی نقیض کو جزء اول کر دینا صدق و کیف کو باقی رکھتے ہوئے

(ب) کل انسان حیوان کا عکس نقیض لکھیں؟

کل لا حیوان لا انسان

سوال 8: قیاس کی تعریف اور اس کی دونوں اقسام کی تعریف لکھیں؟

وہ قول ہے جو مرکب ہو چند ایسے قضیوں سے جن قضیوں کو تسلیم کرنے کے بعد ایک اور قضیہ ماننا لازم آئے۔ ہر مومن سنی ہے ہر مومن نجات پانے

ہر سنی نجات پانے والا ہے

قیاس اقترانی: وہ قیاس ہے جس میں نتیجہ یا نتیجہ کی نقیض بعینہ مذکور نہ ہو جیسے العالم متغیر کل متغیر حادث

قیاس استثنائی: وہ قیاس جس میں نتیجہ یا نتیجہ کی نقیض بعینہ مذکور ہو جیسے ان کانت الشمس طالعة فالنهار موجود لکن الشمس طالعة، فالنهار موجود۔

سوال 56 فان قلت لا نسلم ان یوجد معنی لا لازم له ــــ الخ
اس عبارت سے اعتراض کی طرف اشارہ ہے اعتراض و جواب اردو میں لکھیں؟

اعتراض: اگر کوئی کہے ہم تسلیم نہیں کرتے کہ ایسا معنی پایا جائے جس کا کوئی لازم نہ ہو کیونکہ یقیناً ہر معنی کیلئے لازم ہے اور کم از کم لازم یہ ہے کہ وہ اپنے معنی کا غیر نہیں۔

جواب: ہم جواب دیں گے کہ لازم سے مراد لازم بین ہے کیونکہ جس کی طرف ملزوم سے ذہن منتقل ہو جاتا ہے لازم کی طرف آپ کا یہ کہنا کہ وہ اپنے معنی کا غیر نہیں لوازم بینہ میں سے نہیں ہے کیونکہ بہت دفعہ ہم معانی کا تصور کرتے ہیں اور ہمارے دل میں غیر کے معنی کا وسوسہ بھی نہیں آتا تو اس کے غیر کے نہ ہونے کا تصور کیسے آئے گا (جب غیر کا تصور نہیں آتا تو پس غیرہ کا تصور کیسے آئے گا)

Talha Tariq

سوال 5: لفظ متکثر المعنی کی اقسام کو وجہ حصر کی صورت میں لکھیں؟

لفظ مفرد متکثر المعنی دو حال سے خالی نہیں ہو گا کہ اس کی ہر معنی کیلئے ابتداءً وضع ہے یا نہیں اگر ہے تو "مشترک" ہے اگر اس کی وضع ابتداءً ہر معنی کیلئے نہیں بلکہ وضع تو ایک معنی کیلئے ہوا لیکن استعمال دوسرے معنی میں ہونے لگا تو پھر یہ دو حال سے خالی نہیں ہو گا کہ پہلے معنی کو چھوڑ دیا گیا ہے یا نہیں اگر چھوڑ دیا گیا ہے تو وہ منقول ہے اگر نہیں چھوڑ گیا بلکہ وہ لفظ کبھی پہلے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور کبھی دوسرے معنی میں جب پہلے معنی میں استعمال ہو گا تو وہ حقیقت ہے جب دوسرے معنی میں استعمال ہو تو وہ مجاز ہے

سوال 6: رسم تام اور حد ناقص کی تعریف مع امثلہ لکھیں؟

**رسم تام:** اگر تعریف جنس قریب اور خاصہ سے ہو تو اسے رسم تام کہتے ہیں جیسے حیوان ضاحک کے ذریعہ انسان کی تعریف کرنا

**حد ناقص:** اگر تعریف جنس بعید اور فصل قریب سے ہو یا صرف فصل قریب سے مرکب ہو تو اسے حد ناقص کہتے ہیں جسم ناطق یا صرف ناطق کے ذریعے انسان کی تعریف کرنا

سوال 7: محصورات اربعہ مثال کے ساتھ تحریر کریں؟

موجبہ کلیہ = کل انسان حیوان

موجبہ جزئیہ = بعض الحیوان اسود

سالبہ کلیہ = لا شئی من الزنجی بابیض

سالبہ جزئیہ = بعض الانسان لیس بأسود

سوال 58 قیاس خلف کے مرجع کتنے اور کون کون سے ہیں؟

بعض مرکب قیاسوں میں سے ایک ایسا قیاس ہے جس کو قیاس خلف کہتے ہیں اس کا مرجع دو قیاسوں کی طرف ہے ان میں ایک اقترانی شرطی ہے جو دو قضیہ متصلہ سے مرکب ہوتا ہے اور دوسرا قیاس استثنائی ہے